**NISHAT MILLLS LIMITED**

NISHAT

# نشاط ملز لمیٹڈ

## ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

بروز منگل، 11 جون 2024 کو دوپہر 12:30 بجے ایمپوریم مال، نشاط ہوٹل، ٹریڈ سنٹر بلاک، نزد ایکسپوسنٹر، عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور، پر منعقد ہونے والے نشاط ملز لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور کے لئے ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے۔

چیئر مین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس: chairman@nishatmills.com جس پر صحیح طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| فولیو نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/انویسٹر آئی ڈی معہ سب اکاؤنٹ نمبر | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | |
| NICOP،CNIC/پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |
| اضافی معلومات اور وضاحتیں (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام: | |
| مجاز دستخط کنندہ کا NICOP،CNIC/پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |

### خصوصی قراردادیں

**ایجنڈا آئٹم 1(a)**

قرار پایا ہے کہ نشاط ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کی منظوری ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 اور دیگر قابل اطلاق دفعات کے مطابق 19 جون 2023 کو منعقدہ اپنے غیر معمولی اجلاس عام میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ارکان کی طرف سے منظور شدہ 300,000,000 عام حصص کی سبسکرائبنگ کے لئے 3,000,000,000 روپے تک کی ایکویٹی انویسٹمنٹ کی پہلے سے منظور شدہ رقم میں ایک شریک کمپنی، نشاط سوتاس ڈیری لمیٹڈ (NSDL) میں 2,000,000,000 روپے تک ایکویٹی سرمایہ کاری کی رقم کا اضافہ کرنے کے لیے منظوری دی گئی ہے۔ اس طرح NSDL کے ہر ایک 10 روپے کے 500,000,000 عام حصص تک مکمل طور پر ادا شدہ، مساوی قیمت پر سبسکرائب کرنے کے لیے 5,000,000,000 (صرف پانچ بلین روپے) کی مجموعی ایکویٹی سرمایہ کاری کے لیے جو کہ NSDL کی طرف سے وقتاً فوقتاً کمپنی کو پیش کیے جاسکتے ہیں۔

مزید قرار پایا ہے کہ یہ قرارداد اراکین کی منظوری کی تاریخ سے شروع چار (4) سال کی مدت کے لیے کارآمد ہوگی اور کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکرٹری تمام کارروائیوں، معاملات، اعمال اور چیزوں کو کرنے، معاہدہ (معاہدوں) پر دستخط کرنے اور اس پر عمل درآمد سمیت کوئی بھی یا تمام ضروری کارروائیاں کرنے اور مذکورہ قراردادوں کو نافذ کرنے کے مقصد کے لیے تمام قانونی رسمی کارروائیوں جو ضروری ہوں یا حادثاتی طور پر ممکن ہوں کو مکمل کرنے کے لیے واحد مجاز ہیں۔

مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی کی طرف سے وقتاً فوقتاً کی گئی سرمایہ کاری کو کمپنی کسی بھی طریقہ سے، ایک حصہ یا تمام تصرف کرنے اور رائٹ حصص کے ایک حصہ یا تمام استحقاق کو تصرف کرنے اور/یا کمی کرنے کی مجاز ہے جیسا کہ اور جب سرمایہ کار کمپنیوں کی طرف سے پیشکش کی گئی ہے جس میں کمپنی نے ایکویٹی سرمایہ کاری کی ہے اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکرٹری کو بذریعہ ہذا کمپنی اور اس کے اراکین کے بہترین مفاد میں جب اور جیسے وہ مناسب اور ضروری سمجھتے ہیں تو رائٹ شیئرز کے حق کو تقسیم کرنے اور/یا کمی کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

**ایجنڈا آئٹم 1(b)**

قرار پایا کہ نشاط ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کی منظوری ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 اور دیگر قابل اطلاق شقوں کے مطابق اور نشاط (چونیاں) لمیٹڈ ("NCL") اور نشاط چونیاں پاور لمیٹڈ ("NCPL") اور ان کے دو شیئر ہولڈرز جناب شہزاد سلیم اور کمپنی کے درمیان لاہور ہائی کورٹ (عدالت) کی طرف سے منظور کی گئی انتظامات کی اسکیم ("اسکیم") کے مطابق، عدالت کی طرف سے منظور شدہ شیئر سویپ تناسب کے مطابق کمپنی کے ملکیتی NCL کے حصص کے تبادلہ میں NCPL کے موجودہ حصص کے علاوہ مزید حصص حاصل کرنے کے لئے منظور کی گئی ہے۔

**مزید قرار پایا ہے** کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری تمام کاموں، اعمال اور چیزوں کو کرنے، تمام ضروری اقدامات اٹھانے یا کرنے کا سبب بننے، قانونی تقاضے اور ضروری دستاویزات فائل کرنے جو کہ اس قرارداد کو نافذ کرنے کے مقاصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہوں کے مجاز ہیں۔

**مزید قرار پایا ہے** کہ کمپنی کی طرف سے وقتاً فوقتاً کی گئی سرمایہ کاری کو کمپنی کسی بھی طریقہ سے، ایک حصہ یا تمام تصرف کرنے اور رائٹ حصص کے ایک حصہ یا تمام استحقاق کو تصرف کرنے اور/ یا کمی کرنے کی مجاز ہے جیسا کہ اور جب سرمایہ کار کمپنیوں کی طرف سے پیشکش کی گئی ہے جس میں کمپنی نے ایکویٹی سرمایہ کاری کی ہے اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری کو بذریعہ ہذا کمپنی اور اس کے اراکین کے بہترین مفاد میں جب اور جیسے وہ مناسب اور ضروری سمجھتے ہیں تو رائٹ شیئرز کے حق کو تقسیم کرنے اور/ یا کمی کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

میں/ ہم مندرجہ بالا خصوصی قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/ اپنے ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک ( ✓ ) کا نشان لگا کر درج ذیل قراردادوں پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتے ہیں:

| نمبر شمار | قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل | میں/ ہم قراردادوں پر رضامند ہیں (FOR) | میں/ ہم قراردادوں پر کے خلاف ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| 1۔ | **ایجنڈا آئٹم نمبر 1(a) کے مطابق خصوصی قرارداد (مذکورہ بالا)** | | |
| 2۔ | **ایجنڈا آئٹم نمبر 1(b) کے مطابق خصوصی قرارداد (مذکورہ بالا)** | | |

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر/ مجاز دستخط کنندہ کے دستخط:
(کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں، براہِ مہربانی کمپنی کی مہر ثبت کریں)

مقام: _______________
تاریخ: _______________

**نوٹس:**

1۔ صحیح طریقے سے پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئر مین کو A-53 لارنس روڈ، لاہور، یا chairman@nishatmills.com پر ای میل بھیجنا چاہیے۔

2۔ CNIC، NICOP / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم 10 جون 2024 شام 5:00 بجے کو یا اس سے پہلے صدر اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ / وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ قابل اطلاق کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 138 یا 139 کے مطابق کسی مجاز شخص کے CNIC کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی / اتھارٹی لیٹر وغیرہ کی تصدیق شدہ کاپی ہونی چاہیے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کی صورت میں، تمام دستاویزات پاکستان کے قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے جو رکن پر اختیار رکھتا ہے۔

5۔ پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC، NICOP / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

6۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔